12689 ـ عورت کےطہر کےبعد روزے کی حالت میں زرد رنگ کے مادے کے اخراج کا حکم

سوال

ایک عورت نےرمضان میں حیض وغیرہ سے طلوع فجر سے قبل غسل کرکے پاک ہوکر اس دن کا روزہ رکھ لیا اورجب ظہر کی نماز پڑھنے لگی تواس نے زرد رنگ کا پانی اخراج ہوتے دیکھا توکیا اس کا روزہ صحیح ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب طلوع فجر سے قبل حیض وغیرہ ختم ہوجائے اورطہر شروع ہوجائے اورعورت روزہ رکھے تو اس کا یہ روزہ صحیح ہوگا ، اورطہر کے بعد اس زرد رنگ کے پانی کا کوئي اثر نہیں ہوگا کیونکہ ام عطیہ رضي اللہ تعالی عنہا کہتی ہیں کہ :

ہم طہرکے بعد زرد اورمٹیالے رنگ کے پانی کو کچھ بھی شمار نہیں کرتی تھیں ۔ صحیح بخاری (1 / 84) سنن ابوداود حدیث نمبر (307) یہ الفاظ ابوداود کے ہیں ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اوران کے صحابہ کرام رضي اللہ تعالی عنہ پراپنی رحمتوں کا نزول فرمائے ۔ .